As part of the study of electroculture, Jaewon Chang (2021) describes a clear relationship between electrically stimulated *Vigna radiata* species in a hydroponic environment compared to non-stimulated species. According to Rohini (2021), the percentage of wheat, carrot, and groundnut seeds germinated increased when electricity was applied, primarily at lower voltages (3V and 6V). As Bogdan Saletnik (2022) highlighted that electromagnetic and magnetic fields can enhance crop productivity, increase crop quality, reduce disease and pest damage, and prevent fruit decay, among other effects. Although numerous attempts have been made to expose plants and fruits to electric and magnetic fields, these attempts continue to present difficulties in field and greenhouse environments.

Conclusion

There is still a lack of understanding regarding electro-culture gardening's long-term effects on plants, soil health, and ecosystem dynamics. It may be possible to observe short-term improvements in plant growth or health, but the potential consequences over time, such as soil degradation or ecological imbalances, have not been studied extensively. In particular, a gardener who wishes to try various approaches to optimize crop yield, he/she can consider this innovative and exciting method. Additionally, electroculture gardening offers a new and exciting method of cultivating plants in addition to increasing yield, improving quality and reducing fertilizer usage. You can enhance plant productivity by developing an ideal growth and development environment by utilizing electrical stimulation concepts in gardening. It is imperative that electroculture gardening be researched, experimented with, and carefully monitored, and it will benefit everyone.

Regenerative Gardening

Dr. Fareeha Shireen*, Atiqa Aleem and Dr. Muhammad Azher Nawaz
Institute of Horticultural Sciences, University of Agriculture, Faisalabad
Department of Horticultural Sciences, The Islamia University, Bahawalpur

Regenerative gardening is a sustainable approach to grow plants and maintain ecosystem with main focus to restore and enhance the soil health and conserve biodiversity. In this approach, different gardening practices are adopted to restore the environmental damages. Though this approach was used during 1970's but appropriate term of regenerative gardening was introduced in 1980 by Rodale Institute of USA. It is blend of sustainable innovation and tradition with main focus to improve soil, productivity and quality. It is outcome-based production system that help restore biodiversity and provide natural solutions to fight against climate change. The concept of regenerative agriculture is common for agronomic as well as horticultural crops including fruits, vegetables and flowers. This practice can easily be adopted both on large scale and home gardens.

There are several principles of regenerative farming having the principle of conservation of soil health and biodiversity as first. Soil is the basic media and is important to maintain the healthy soil for gardening. Healthy soil supports plant growth by enhancing water use efficiency and holding macro and micronutrients in soil and most importantly carbon dioxide sequestration. Plant capture CO_2 from atmosphere and consume it in

process of photosynthesis and resulted in organic compounds to be stored in parts of plants. Moreover, these plants also release some carbon compounds into soil through roots to feed the microorganisms. Microbes convert these carbon compounds into humus that not only fixed or locked carbon into the soil but also improve the biodiversity of beneficial microbes including mycorrhizal fungi, plant growth promoting rhizobacteria, and insects into the soil. Minimum or zero tillage is another principle of regenerative gardening to not to disturb soil structure and microbial life. Other principles are no use of inorganic chemicals, water conservation and recycling of waste organic materials. Growing of verities of plants in garden is also important to conserve biodiversity. The three sisters planting method is a good example of such gardening practice in which corn, squash and beans are grown together to provide support and conserve nutrients. Though variety of local or exotic plants can be used to promote such biodiversity but use of variety of native plants could be a best option as they can create favorable habitat for microbes, ecofriendly pollinators, and insects.

Combination of different approaches are used in regenerative farming including no tillage, cover crops, mulching, polyculture planting, composting and use of biochar etc. The selection of plants for regenerative gardening depends on many aspects as described in principles as well as on intensity of environmental degradation. Since we all focus on gardening of annual horticultural crops but selection of perennials crops for purpose of regenerative farming could be the best choice as perennial crops have substantial root system that prevent erosion and enhance water infiltration and soil organic matter. The perennial plants also have ability for carbon sequestration. The perennial fruits that can be use in regenerative farming based on their carbon sequestration ability are fig, mulberry, plum, apple and pear. Perennial vegetables are asparagus and artichoke, while, herbs with same abilities are mint, rosemary and chives. Vegetables that are grown annually such as potato, turnip, beet, cabbage, cauliflower, kale and broccoli could also be used in regenerative gardening. While in case of flowers, marigold, calendula, zinnia and chrysanthemum could be better choice

Though the concept of regenerative farming is similar to organic farming in some aspect such as not to use of synthetic chemicals and use of organic approaches to improve environmental health but it is different from organic farming in context that it mainly takes step forward to restore and improve health of whole ecosystem including soil, water, plants, animals and even the human beings. While organic farming maintains the balance of ecosystem without first priority to restore the environmental damage and degraded ecosystem. Moreover, organic farming follows defined principles with main focus of plants first and later environmental concern. Another main difference is carbon sequestration which is the main focus of regenerative farming to mitigate climate change while in case of organic farming, carbon emission is reduced by eliminating use of inorganic substances. Overall regenerative gardening includes changes in macro structure and social relevancy and focuses to enhance production resources.

Elements Influencing the Quality of Cut Flowers

Afifa Talpur
Department of Horticulture, Sindh Agriculture University Tando Jam

Floriculture revolves around the cultivation and commercialization of flowers and their related products. This expanded branch of horticulture encompasses the growth, marketing, and design of flowers and decorative plants, including annuals, biennials, perennials, trees, shrubs, vines, and herbaceous species. Products of floriculture extend to cut flowers, indoor plants, ornamental foliage, seeds, bulbs, propagative materials, and preserved or dried floral components. Flowers maintain a unique place in human culture, emphasizing emotions and values, white lilies represent innocence, roses convey affection, pansies signify remembrance, and daffodils denote new beginnings.

Ornamental plants, whether in their natural state or as cut flowers, are intricate structures where any deterioration in stems, leaves, or floral elements can lead to their rejection by consumers. In many floral varieties, poor quality may be attributed to multiple reasons, such as leaf wilting or

Vol. 13 No. 2
July-December 2024
Horti mag

dropping, petal shedding, leaf yellowing, or abnormal bending of stems. To enhance the longevity and preserve the quality of flowers, it is essential to first identify and understand the various conditions and factors contributing to their declined quality.

1. Ethylene Sensitivity: Ethylene accelerates flower aging and wilting, especially in sensitive species like carnations, where its production triggers rapid deterioration.

2. Seasonal Changes: Cut flower lifespan varies with seasons. Chrysanthemums last longer in warmer months due to higher light intensity which boosts photosynthesis. Sugar and chlorophyll levels fluctuate with seasonal changes, peaking in autumn and spring, respectively.

3. Genetic Factors: Post-harvest longevity varies by species and variety due to genetic traits. Flowers like orchids and anthuriums have longer vase life, while, lilies and some roses deteriorate faster. Even within species, varieties differ in traits like water retention, affecting their lifespan.

4. Light: Light regulates photosynthesis and energy reserves, impacting flower freshness. Excessive light causes damage like leaf scorching and bud wilting, while insufficient light leads to discoloration, weak structures, and issues like bent stems in gerbera or drooping necks in roses.

5. Temperature: Varies with flower types, optimal ranges regulate growth. High temperatures deplete sugars quickly, shortening lifespan, on the other hand low temperatures can conserve energy or cause freezing damage in buds.

6. Humidity: Moderate levels of humidity maintain hydration; excessive humidity fosters diseases, and low levels cause dehydration, browning, and fragility resulting reduced lifespan of flower.

7. Harvest Considerations: Harvest maturity impacts longevity. Sugars shift from leaves to petals during senescence, supporting freshness and vitality. Use sharp tools like knives or pruning shears to reduce stem damage. Diagonal cuts on woody stems enhance water uptake. For sap-releasing flowers like dahlias, immersing cut ends in hot water helps seal stems and prevent sap loss. Flowers should be harvested at the right stage of development neither too early, which may cause failed blooming, nor too late, which accelerates wilting and quality loss.

8. Water Management: Effective hydration prevents wilting, acidic water, wetting agents, and nutrients aid uptake. Avoid high salt levels (>700 ppm in gladiolus, >200 ppm in chrysanthemums/carnations) to preserve longevity. Conditioning flowers in water restores turgidity and prepares them for extended use.

9. Temperature Control: Pre-cooling immediately post-harvest reduces respiration. Recommended temperature for roses is 1–3°C, chrysanthemums 0.5–4°C, carnations 1°C, and gladiolus 4°C.

10. Preservative Solutions: Use low-pH water (3.0–3.5), glucose as an energy source, and biocides (e.g., silver nitrate, HQS) to prevent bacterial growth and maintain quality. Thidiazuron promotes flower opening, while salicylic acid reduces ethylene effects, clears xylem blockages, and enhances water uptake.



Chrysanthemum: A Winter Elegance

Qurra tul Ain* and Atiqa Aleem
Institute of Horticultural Sciences, University of Agriculture, Faisalabad

Chrysanthemums, often hailed as fall's favorite flower, are incredible plants that bring vibrant color to the autumn season. Each chrysanthemum bloom consists of numerous tiny flowers known as florets. Most species within this genus are perennial herbs or subshrubs, typically featuring simple, aromatic leaves arranged alternately along the stem. While some chrysanthemum varieties display both disk and ray flowers, others may lack one type. Cultivated chrysanthemums are known for their large, striking flower heads, whereas wild species typically bear smaller blooms. These plants are remarkably easy to grow, thriving in full sun, rich soil, well-drained conditions, and good air circulation. With hundreds of varieties available, chrysanthemums come in various shapes and sizes, offering blooms from late summer through fall. They hold diverse symbolic meanings across cultures: life and rebirth in Asia, sympathy in Europe, and respect and honor in America.

Chrysanthemums are categorized into 13 distinct classes, ranging from giant blooms to delicate single daisies. These classes include Irregular Incurve, Reflex, Regular Incurve, Decorative, Intermediate Incurve, Pompom, Single/Semi-Double, Anemone, Spoon, Quill, Spider, Brush and Thistle, and Exotic, which also encompasses unclassified species. With their versatility and beauty, chrysanthemums continue to captivate gardeners and flower enthusiasts worldwide.

In Pakistan, chrysanthemums are propagated through cuttings and suckers, which are transplanted in December and January to yield vibrant blooms in November and December. However, climate change has begun to impact their flowering patterns, as rising temperatures in December alter their natural blooming cycle. Despite these challenges, progressive farmers in Pakistan are successfully selecting and cultivating chrysanthemum varieties year-round in artificially controlled environments.

To achieve optimal growth, chrysanthemums should be planted in a location that receives 5–6 hours of sunlight daily. These plants are prone to mildew, so proper care is essential. Ensure good water drainage and air circulation, and allow the morning sun to dry any dew on the leaves and stems. Avoid planting them in low-lying, damp areas with poor ventilation. An interesting aspect of chrysanthemums is their sensitivity to day length; their blooming is triggered by shorter days and longer nights. Therefore, it's crucial to plant them away from artificial light sources to ensure their natural flowering process.

In chrysanthemum cultivation, pinching is performed by removing the terminal bud about 4 weeks after planting. This encourages the development of lateral branches, resulting in a bushier plant with more flower-bearing stems. Pinching also helps control the plant's height, promoting compact growth and uniform blooming. Desuckering involves removing side suckers, or unwanted shoots, from the base of the plant. This practice redirects the plant's energy towards the main stems, enhancing the size and quality of the flowers. Together, pinching and desuckering optimize growth, flower production, and overall plant health in chrysanthemums.

Chrysanthemum exhibitions in Pakistan, such as those organized by the University of Agriculture Faisalabad (UAF) and Parks and Horticulture Authority (PHA) in Lahore have become key events to showcase the beauty and diversity of these vibrant flowers. These exhibitions display a wide range of chrysanthemum varieties, from local cultivars to hybrids, highlighting their different colors, forms, and sizes. They offer a chance for visitors to appreciate the flower's full beauty and learn about its cultivation and care. In addition to being visually stunning, these events serve as platforms for knowledge sharing among local growers, nurseries, and horticultural enthusiasts. Competitions for the best blooms and floral arrangements are a central feature, motivating participants to improve their growing techniques. These exhibitions also promote chrysanthemum cultivation as a viable industry in Pakistan, inspiring both hobbyists and professionals to explore its commercial potential.

These events, which feature competitions for the best blooms, help promote chrysanthemums as a viable crop for both hobbyists and commercial growers. By fostering innovation and strengthening the gardening community, these exhibitions contribute to the growth of floriculture in Pakistan, inspiring further interest in this versatile flower.

رونما ہوتا ہے، مثلاً پیلا، سفید، گلابی، عنابی رنگ اور اس کے علاوہ بہت سے رنگوں کی رعنائی دکھائی دیتی ہے۔ عموماً بیج کے اگاؤ کا عمل 7 تا 10 دن کے درمیان مکمل ہوجاتا ہے۔ اس کے پودے سے پودے کا فاصلہ 30 تا 35 سینٹی میٹر تک برقرار رکھنا مقصود ہوتا ہے۔ اس کو درمیانی میرا زمین، مناسب کھاد اور معتدل روشنی درکار رہتی ہے، ڈیلیاء کیاریوں، گملوں اور باغیچوں کے گرد باڑوں کے لیے بہت موزوں تصور کیا جاتا ہے۔ اس پودے کا قد 40 تا 60 سینٹی میٹر تک ہوتا ہے۔ ڈیلیاء کی بہت سی انواع واقسام پائی جاتی ہیں۔ اس کی متعدد اقسام کا استعمال تراشیدہ پھول (Cut flower) کے طور پر بھی کیا جاتا ہے۔

(10) کاسموس (Cosmos)

کاسموس بھی موسم سرما کے پھولوں میں سے ایک خوبصورت ہے، اس کا قد عموماً 50 تا 70 سینٹی میٹر تک ہوتا ہے۔ یہ سفید، گلابی اور نارنجی رنگ میں ہوتا ہے اور اس کی افزائش با آسانی بذریعہ بیج ستمبر تا اکتوبر میں ہوتی ہے۔ زمین میں منتقلی کے وقت پودے سے پودے کے درمیان فاصلہ 30 تا 40 سینٹی میٹر رکھنا بہتر ہے۔ یہ پودا بکثرت پھول ہی پھول (Mass flowering) پیش کرنے کے کام آتا ہے۔ پھولوں کی اچھی پیداوار اور پودے کی بہتر افزائش کے لیے اچھی نکاس والی ہلکی میرا زمین، سورج کی زیادہ روشنی اور بروقت گوڈی کی فراہمی نہایت اہم ہیں۔ چونکہ یہ پودا سائز میں کافی بڑا ہوجاتا ہے اس لیے اس کو کم اور تنگ جگہ پر نہیں لگانا چاہیے نیز گملوں کی بجائے براہِ راست زمین میں لگایا جائے۔ اس کے علاوہ قدرے لمبے عرصہ تک پھول لینے کے لیے پودے سے بیج پکنے سے پہلے پہلے پرانے پھول ساتھ ساتھ اتارتے رہنا چاہیے۔

(11) پٹونیا/گُلِ اطلس (Petunia)

پٹونیا یا گُلِ اطلس موسم سرما میں اگائے جانے والا ایک قابل دید اور نازک پھول ہے۔ اسکی متنوع اقسام اور رنگ اسے دوسرے پھولوں سے زیادہ خوبصورت اور نمایاں بناتی ہیں کیونکہ اس کی کچھ اقسام میں پھولوں کی پتیاں دورنگی (Bi-coloured petals) بھی ہوتی ہیں، اس لیے پٹونیا نمائش گل کا اہم جز قرار دیا جاتا ہے۔ پٹونیا کے پھول سفید، گہرے نیلے، سرخ، گلابی، ہلکے پیلے، جامنی/بنفشی رنگوں میں پائے جاتے ہیں۔ اس کی سنگل اقسام سال بھر پھول پیدا کرسکتی ہیں۔ اسکی نرسری بذریعہ بیج ستمبر تا نومبر تیار کی جاتی ہے، البتہ پٹونیا کے بیج باقی موسمی پھولوں کی نسبت قدرے مہنگے ہوتے ہیں۔ پٹونیا کے بیج کا حجم بہت کم ہوتا ہے اور نرسری کے اگاؤ کے لیے احتیاط درکار ہوتی ہے نیز اچھی کوالٹی نرسری کے لیے بھاری میرا زمین یا مناسب میڈیا (Loamy soil or media) درکار ہوتا ہے۔ پٹونیا کیاریوں کے علاوہ گملوں، اور پھولوں سے لٹکانے والی ٹوکریوں (Hanging baskets) میں بھی استعمال ہوتا ہے۔

(12) انٹرانیم (Antirrhinium)

انٹرانیم کو عام زبان میں کتا پھول بھی کہا جاتا ہے کیونکہ اس پھول کی کونپلوں کو دبانے پر منہ کھولتی ہیں۔ یہ پودا قد میں 40 تا 60 سینٹی میٹر تک پایا جاتا ہے۔ انٹرانیم کے پھول گلابی، سفید، گہرے سرخ، نارنجی اور پیلے رنگ میں ہوتے ہیں۔ اس کی بعض اقسام دورنگی (Bicolor) بھی ہوتی ہیں۔ اس کی افزائش بذریعہ بیج ستمبر تا اکتوبر میں ہوتی ہے، عموماً بیج کے اگاؤ کا عمل 7 تا 14 دن کے درمیان مکمل ہوتا ہے۔ اس کے پودے کی عموماً ایک ہی ٹہنی ہوتی ہے جو پھولوں سے لدی ہوتی ہے، چٹکی کاٹنے کے عمل (Pinching) سے اس کے ایک پودے سے کئی پھولدار تنے حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ پودے کی لمبی ٹہنی اور مناسب بعداز برداشت کی زندگی (Vase life) ہونے کی وجہ سے اسے تراشیدہ پھول (Cut flower) کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ قد کے لحاظ سے اس کی تین (اونچی، درمیانی اور چھوٹی) اقسام ہوتی ہیں، بڑے قد کی اقسام کو زمین میں جبکہ درمیانی اور چھوٹی اقسام گملوں میں بہتر منظر پیش کرتی ہیں۔ پودے کی دوغلی (Hybrid) اقسام کو پھول آنے کے بعد ایک خاص وقت پر چھڑی یا جال (Wire Grid) کی مدد سے سہارا دینے (Staking) کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔

(13) پینزی (Pansy)

موسم سرما میں پائے جانے والے پھولوں میں پینزی مختلف رنگوں میں پایا جانے والا ایک مخملی (Velvety) پھول ہے، اسے گُلِ بنفشہ بھی کہا جاتا ہے۔ یہ بلی کی مانند دیکھتا ہوا پُرکشش پھول ہے۔ البتہ پھولوں کی نزاکت کی وجہ سے پھولوں کی عمر 2 تا 4 دن سے زیادہ نہیں ہوتی۔ یہ گہرے جامنی، پیلے، بنفشی، گلابی اور سنہرے رنگوں میں پایا جاتا ہے۔ اس کی کاشت بذریعہ بیج ہوتی ہے، بیج کی بوائی ستمبر تا اکتوبر میں کی جاتی ہے اور پودے پر پھول جنوری تا مارچ کے آخر تک کھلتے رہتے ہیں۔ دوغلی اقسام کے پھول زیادہ معیاری ہوتے ہیں۔ پودے کا قد ایک فٹ سے کم ہی رہتا ہے، زمین میں لگاتے وقت باہمی فاصلہ 15 تا 20 سینٹی میٹر رکھنا چاہیے۔ یہ پھول گملوں اور مربع یا مستطیل کیاریوں کے لیے بہت موزوں تصور کیا جاتا ہے۔

(14) الائسم/ گُلِ بجری (Sweet Alyssum)

الائسم کو گُلِ بجری کہا جاتا ہے، اس کی افزائش بذریعہ بیج ستمبر، اکتوبر میں کی جاتی ہے۔ نرسری منتقل کرتے وقت پودوں میں باہمی فاصلہ کم سے کم رکھا جاتا ہے۔ ہلکی میرا زمین اور درمیانی روشنی اس کی افزائش کے لیے مناسب ہوتی ہے۔ پودے پر چھوٹے چھوٹے سفید، گلابی اور جامنی رنگ کے بے شمار خوشبودار پھول ظاہر ہوتے ہیں۔ گُلِ بجری نمائشِ گل کے دوران بیرونی کناروں (Borders) کے لیے بہترین انتخاب ہے۔

(15) سنچوریہ/ کارن فلاور (Corn Flower)

کارن فلاور موسمِ سرما میں نیلے، ہلکے گلابی اور جامنی رنگ میں (Mass flowering) دینے والا ایک خوشنما پھول ہے، اس کی افزائش اکتوبر میں بذریعہ بیج کی جاتی ہے اور نومبر تک اس کی منتقلی زمین میں کی جاتی ہے۔ یہ ایک زمینی پودا ہے اس لیے گملوں میں کاشت کے لیے موزوں نہیں ہے، بہتر افزائش اور بڑھوتری کے لیے کھلی آب وہوا اور مناسب روشنی کی ضرورت ہوتی ہے۔ زمین کی منتقلی کے دوران پودوں کے درمیان باہمی فاصلہ 30 سینٹی میٹر رکھنا بہترین ہوتا ہے۔

ان تمام پھولوں کے معیاری بیج اور نرسری فلوریکلچر ریسرچ سنٹر، زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں تیار کیے جاتے ہیں اور کاشت کے لیے مناسب سیزن میں دستیاب ہوتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے راقم یا فلوری کلچر ریسرچ سنٹر پر 0334-7416664 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

Horti mag
Vol. 13 No. 2
July-December 2024

رہتے ہیں۔ یہ مکمل زمینی پودا ہے اس کو گملوں میں زیادہ پھول نہیں لگتے، گوبر اور پتوں کی کھاد ڈالنے سے زیادہ عرصہ تک پھول پیدا کرتا ہے۔ پھولوں کی اچھی پیداوار کے حصول کے لیے ہلکی میرا زمین، سورج کی درمیانی روشنی، کم پانی، بروقت گوڈی اور کھاد کی فراہمی اس کی نشوونما میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔

(3) نسٹرشیم (Nasturtium)

نسٹرشیم کو عام زبان میں زمینی بیل کے نام سے بھی پکارا جاتا ہے۔ اس کو بذریعہ بیج آسانی سے کاشت کیا جاتا ہے اور اس پودے کو مختلف جگہوں پر گراؤنڈ کور (Ground cover) کے طور پر بہت استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کے پھولوں کا رنگ عموماً پیلا، گہرا نارنجی اور سرخی مائل گہرا نارنجی رنگ کا ہوتا ہے۔ یہ بیل اپنے شوخ رنگ کے پھولوں کی وجہ سے موسم سرما میں انتہائی جاذب نظر آتی ہے۔ اس کے پھول چوڑے، گول ٹکڑیوں نما یا دھاری دار دکھائی دیتے ہیں۔ یہ بیل ریتلی زمین پر بھی کم پانی کے ساتھ بھی نشوونما پا جاتی ہے۔ بیج کے اگنے کا عمل 5 تا 7 دن کے اندر مکمل ہو جاتا ہے۔ پودے سے پودے کے درمیان فاصلہ 20 تا 40 سینٹی میٹر تک ہوتا ہے۔ بعض اوقات یہ گملوں میں بھی لگایا جاتا ہے، لیکن یہ زمین میں بڑے سائز کی کیاریوں (Bedding) کے لیے زیادہ موزوں ہے۔ اس کے علاوہ اسے ٹوکریوں (Hanging Baskets) میں بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ اس پودے کی مناسب بڑھوتری کے لیے سورج کی جزوی روشنی،، بروقت آبپاشی، گوڈی اور زمین کی صفائی اہم کردار ادا کرتی ہے۔

(4) گلِ کاغذی (Helichrysum)

یہ پھول اپنی خوبصورتی کی وجہ سے بہت مقبول ہے کیونکہ اس پھول کی پتیاں چھونے پر کاغذ کی مانند محسوس ہوتی ہیں۔ اس کے پیلے، ہلکے جامنی اور ہلکے گلابی رنگ کے پھول آرائش گل اور کیاریوں میں اپنی بہار دکھاتے ہیں۔ بیج کے اگنے کا عمل 5 تا 7 دن کے اندر مکمل ہوتا ہے۔ پودے سے پودے کا فاصلہ 30 تا 45 سینٹی میٹر تک ہوتا ہے۔ اس کے پودے دو اڑھائی فٹ اونچے ہو کر پھول پیدا کرتے ہیں۔ اس کو گملوں میں بہت کم پھول لگتے ہیں اس لیے اس کو زمین میں لمبی کیاریوں میں لگانا چاہیے۔ گلِ کاغذی کی کاشت کے لیے اچھی نکاس والی زرخیز زمین، سورج کی بھرپور روشنی کی فراہمی، اور بروقت گوڈی درکار ہوتی ہے، نیز کیاریوں یا کھیلیوں کی صفائی پودے کی بہتر نشوونما کے لئے اہم ہوتی ہے۔ اس پھول کو اپنی خاصیت کی بدولت خشک تراکیب (Dry Arrangements) اور ویلیو ایڈیشن میں بھی استعمال کیا جاسکتا ہے، اس کے تازہ اور خشک پھولوں سے گلدستے بنائے جاسکتے ہیں اور یہ گلدستے کئی ماہ تک خشک حالت میں بھی پُرکشش نظر آتے ہیں۔

(5) ڈائی اینتھس (Dianthus)

ڈائی اینتھس موسم سرما کا ایک انتہائی دلفریب موسمی پھول ہے، اسے عام زبان میں سویٹ ولیئیم بھی کہا جاتا ہے۔ یہ شوخ اور گہرے گلابی رنگ اور گچھے دار

حسین امتزاج پر مشتمل دیدہ زیب پھول ہے۔ اس کے پودے کا قد 30 تا 60 سینٹی میٹر تک ہوتا ہے اور اس کے بیج کے اگنے کا عمل 7 تا 10 دن کے دوران مکمل ہوتا ہے۔ نرسری کی کھیت میں منتقل کرتے ہوئے پودے سے پودے تک کا فاصلہ 30 سینٹی میٹر تک رکھیں جو کہ کیاریوں کے لئے بہت ہی مناسب تصور کیا جاتا ہے۔ زرخیز اور میرا زمین، سورج کی مکمل روشنی اور نمی اس کی افزائش کے لیے ضروری ہوتی ہے۔ گملوں اور زمین دونوں میں بہتر کاشت ہو جاتا ہے۔

(6) ڈیلفینیئم (Delphinium)

ڈیلفینیئم کو عام طور پر گل نافرمان کے نام سے جانا جاتا ہے، یہ پھول اپنی وضع قطع کے لحاظ سے دوسرے پھولوں کی نسبت بہت مختلف ہے۔ اس کے سفید، گلابی اور نیلا رنگ میں ایک ہی شاخ پر لگے چھوٹے چھوٹے پھول اس کی خوبصورتی اور حسن کو دوبالا کر دیتے ہیں جو کہ آرائش گل اور باغیچوں میں کیاریوں کے کناروں (Edges) کے لئے مناسب تصور کیا جاتا ہے۔ اس پودے کا قد 30 تا 90 سینٹی میٹر تک ہوتا ہے اور بیج اگنے کا عمل 7 تا 10 دن کے دوران مکمل ہوتا ہے، کھیت میں منتقلی کے وقت پودے سے پودے کے درمیان فاصلہ 30 سینٹی میٹر تک رکھیں ا۔ اسے کسی بھی اچھے نکاس والی زمین کے، سورج کی معتدل روشنی، کم پانی اور گوڈی فراہم کریں جو اس کی بہترین نشوونما میں اہم کردار سرانجام دیتی ہے۔

(7) گلِ خیرہ (Hollyhock)

ایک ہی پھول کے مختلف رنگ کے باغیچوں کی خوبصورتی میں اضافہ کرتے ہیں۔ گلِ خیرہ ایک قد آور پودا ہے، اس کی افزائش بذریعہ بیج اکتوبر میں کی جاتی ہے۔ یہ ایک مکمل زمینی پودا ہے اور قد آور پودا ہونے کی وجہ سے یہ گملوں کے لیے موزوں نہیں ہے۔ اس کی دیسی قسم کے پھول سنگل پتیوں پر مشتمل ہوتے ہیں جبکہ دوغلی اقسام سائز میں بڑے پرکشش اور ڈبل پھول پیدا کرتی ہیں۔ گلِ خیرہ کے سرخ، گلابی، جامنی اور سفید رنگ موسم سرما میں بہار کا سا سماں پیدا کرتے ہیں جو کہ کیاریوں اور باڑوں کی دلکشی کو بڑھانے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اس کی کاشت کے لیے زرخیز اور میرا زمین موزوں ہے۔ اس پودے کا قد 60 تا 80 سینٹی میٹر تک پہنچ جاتا ہے۔ عموماً بیج کے اگاؤ کا عمل 4 تا 6 دن کے درمیان مکمل ہوتا ہے۔ یہ کافی سخت جان پودا ہے عموماً یہ ہر قسم کی زمین میں آسانی سے کاشت ہو جاتا ہے البتہ پھولوں کی بہتر کوالٹی کے حصول کے لیے گل خیرہ کو سورج کی درمیانی روشنی اور زمین کی بروقت گوڈی کی ضرورت ہوتی ہے۔

(8) موسمی گل داؤدی (Annual Chrysanthemum)

سفید اور پیلا رنگ ہمیشہ ایک حسین امتزاج پیش کرتا ہے، موسمی گل داؤدی کے پھولوں میں پیلے اور سفید رنگ اطراف کی پتیاں نہایت نزاکت کے ساتھ اس پھول کو ترتیب دیتی ہے۔ اس پودے کا قد 30 تا 60 سینٹی میٹر تک ہوتا ہے اور پودے سے پودے کے درمیان فاصلہ 25 تا 30 سینٹی میٹر تک رکھنا چاہیے۔ اس پودے کی بڑھوتری کے لیے ہلکی میرا زمین، مناسب سورج کی روشنی اور معتدل نمی اس کی نشوونما کے لیے موزوں ہیں۔ پھول کی اچھی کوالٹی اور پودے کی بہترین نشوونما کے لیے گوڈی اور کیاریوں کی بروقت صفائی بھی بہت اہمیت کی حامل ہیں۔ اِسے نہ صرف کیاریوں میں کاشت کیا جاتا ہے بلکہ تجارتی پیمانے پر اسے کاشت کر کے گجرے بنانے کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

(9) ڈیلیا (Dahlia)

ڈیلیا موسم سرما کا نہایت خوبصورت اور جاذبِ نظر پھول ہے اور یہ مختلف اور خوشنما رنگوں اور شکلوں میں

Vol. 13 No. 2
July-December 2024
Horti mag

موسم سرما کے پھولوں کی پیداواری ٹیکنالوجی

ڈاکٹر افتخار احمد، عُروہ ارشاد
انسٹی ٹیوٹ آف ہارٹیکلچرل سائنسز، زرعی یونیورسٹی فیصل آباد

ایسے پھولدار پودے جو اپنا دور حیات ایک موسم کے دوران پورا کر لیتے ہیں، موسمی پھول کہلاتے ہیں۔ موسمی پھولوں کے دو گروہ ہیں، ایسے موسمی پھول جنہیں اکتوبر کے مہینے میں بویا جاتا ہے، موسم سرما کے موسمی پھول کہلاتے ہیں۔ موسمی پھول کسی بھی باغیچے کا اہم جزو ہوتے ہیں جن کے بغیر باغیچے ادھورے رہ جاتے ہیں۔ یہ پھول موسم بہار میں باغیچے میں دھنک کے رنگ بکھیر دیتے ہیں۔ موسمی پھول مختلف رنگوں اور جسامت میں دستیاب ہوتے ہیں جنہیں پھولوں کی کیاریوں، گملوں اور لٹکانے والی ٹوکریوں (Hanging baskets) میں استعمال کیا جاتا ہے۔ موسم سرما کے پھول فروری تا اپریل کے دوران پھول دیتے ہیں اور اپنے دلکش رنگوں کے سبب دیکھنے والے کو اپنی طرف مائل کرتے ہیں۔ موسم سرما میں یوں تو بہت سے موسمی پھول کاشت کیے جاتے ہیں مگر مندرجہ ذیل پھول موسم سرما میں اپنی دلکشی، رعنائی اور منفرد ہیت کی بدولت معروف قرار پاتے ہیں۔

- ★ گیندا (Marigold)
- ★ گلِ اشرفی (Calendula)
- ★ نسٹرشیم/ زمینی بیل (Nasturtium)
- ★ گلِ خیرہ (Hollyhock)
- ★ ڈیلیاء (Dahlia)
- ★ پٹونیا/گلِ اطلس (Petunia)
- ★ موسمی گلِ داؤدی (Annual Chrysanthemum)
- ★ ڈائینتھس/ سویٹ ولیئم (Dianthus)
- ★ گلِ کاغذی (Paper flower)
- ★ انٹر انیم/ ڈریگن پھول (Antirrhinum)
- ★ کاسموس (Cosmos)
- ★ ڈیلفینیئم/گلِ نافرمان (Delphinium)
- ★ پینزی/گلِ بنفشہ (Pansy)
- ★ الائسم/ گلِ بجری (Sweet Alyssum)
- ★ سنچوریہ/ کارن فلاور (Corn Flower)

موسمی پھولوں کی عمدہ کوالٹی نرسری کی تیاری کے لیے درکار اہم عوامل

موسمی پھولوں کی تیاری کے لیے درج ذیل عوامل صحت مند نرسری اور پودوں کی بھرپور نشوونما اور بڑھوتری کے لیے لازم وملزوم ہوتے ہیں:

(i) کوالٹی بیج کا انتخاب
(ii) بیج کی مناسب پلاسٹک ٹریز/ زمینی کیاریوں میں یکساں بوائی
(iii) بیج کی بروقت بوائی
(iv) مناسب درجہ حرارت کی فراہمی
(v) پودے کو درکار روشنی کی دستیابی
(vi) پودے کو بروقت پانی کی فراہمی
(vii) مطلوبہ نمی کی جانچ پڑتال
(viii) نرسری کی بروقت کھیت میں منتقلی
(ix) کیڑوں، پرندوں اور حشرات سے بچاؤ

(1) گیندا (Marigold)

میری گولڈ یا گیندا موسم سرما کے اہم موسمی پھولوں میں سے ایک ہے۔ گیندے کی دنیا بھر میں تقریباً 50 اقسام پائی جاتی ہیں یہ معتدل آب و ہوا میں بہتر افزائش کرتا ہے یہ پھول ہار اور گلدستے بنانے میں زیادہ استعمال ہوتا ہے۔ گیندے کی کاشت کے لیے ریتلی میرا اور اچھی نکاس والی زمین کا استعمال کا انتخاب کریں۔ گیندے کی کاشت بیج اور قلموں کے ذریعے بھی کی جاتی ہے لیکن عموماً گیندا بیج سے ہی کاشت کیا جاتا ہے اس کی کاشت اگست تا اکتوبر بذریعہ بیج کی جاتی ہے اور بیج کیاریوں میں بھی باآسانی کاشت ہو جاتا ہے۔ گیندے کی نرسری تیار کرنے کے لیے کیاریوں پر بھی بیج کی بوائی کی جاتی ہے۔ نرسری لگانے کے لیے 3 میٹر سائز کی کیاری تیار کریں۔ کیاریوں میں بیج 2 تا3 سینٹی میٹر کے فاصلہ پر لگایا جاتا ہے نیز بیج کی گہرائی 0.6 سینٹی میٹر رکھی جاتی ہے، 20 تا25 دنوں کے بعد پنیری کھیت میں منتقلی کے قابل ہو جاتی ہے، کھیت میں منتقلی کے وقت پودے سے پودے کا فاصلہ 30 سینٹی میٹر اور قطار سے قطار کا فاصلہ 60 سینٹی میٹر رکھنا بہترین ہے۔ گیندے کی مختلف اقسام تقریباً سال بھر پھول پیدا کرتی ہیں گیندی یا سرخ گیندا زیادہ درجہ حرارت میں بھی پھول پیدا کرتا ہے لیکن دوغلی اقسام (Hybrid) عموماً سرد اور معتدل موسم میں زیادہ مقدار میں پھول پیدا کرتی ہیں۔

(2) گلِ اشرفی (Calendula)

گلِ اشرفی کا شمار موسم سرما کے مقبول پھولوں میں ہوتا ہے اس کے پھول زیادہ تر پیلے اور گہرے نارنجی رنگ کے ہوتے ہیں اور عموماً رات کے وقت بند ہو جاتے ہیں اس کا بیج ستمبر تا اکتوبر میں بویا جاتا ہے چار تا چھ ہفتے بعد پنیری کو کیاریوں یا کھیلیوں پر منتقل کر دیا جاتا ہے نیز کھیت میں منتقل کرتے وقت کھیلیوں سے کھیلیوں کا فاصلہ دو فٹ (60 سینٹی میٹر) رکھیں، اس پودے کی اونچائی 20 تا30 سینٹی میٹر ہوتی ہے۔ گلِ اشرفی کی سنگل اور ڈبل اقسام پائی جاتی ہیں۔ گلِ اشرفی کے پھول فروری تا اپریل تک آتے

اسپغول کی کاشت

ڈاکٹر فریحہ شیریں، کریم یار عباسی، ڈاکٹر خرم ضیاف
انسٹیوٹ آف ہارٹیکلچرل سائنسز، زرعی یونیورسٹی فیصل آباد

اسپغول جیسے انگریزی زبان میں سائیلیم بھی کہا جاتا ہے، ایک جھاڑی نما پودا ہے جسے دنیا میں اس کی ادویاتی خوبیوں کی وجہ سے سب سے زیادہ کاشت کیا جاتا ہے۔ اسپغول فارسی زبان کا لفظ ہے جس کے معانی " گھوڑے کے کان" کے ہیں۔ اسے یہ نام اس کے بیج کی ساخت کی وجہ سے دیا گیا ہے۔ اس کا آبائی وطن ایران ہے۔ اسپغول کا پودا قریباً ایک فٹ تک ہوتا ہے اور اس کے پتے لمبے اور باریک ہوتے ہیں۔ شاح کے سرے پر سٹے نکلتے ہیں جن میں بیج بنتا ہے جسکا رنگ سرخی مائل سے سیاہ ہوتا ہے۔ بیج لعاب دار، بے ذائقہ اور مزاج میں سرد اور تر ہوتا ہے۔ اسپغول کا بیج اور چھلکا دونوں ادویات بنانے والی کمپنیوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ اسپغول کے چھلکے میں زائیلوز، اربیوز اور گلیکٹو رونک ایسڈ پایا جاتا ہے۔ اسپغول جگر کی گرمی اور خرابی، دمہ، آنتوں کی بیماریوں، گرمی کے بخار، تبخیر معدہ، دائمی قبض، بدہضمی اور گیس کے لئے یکساں مفید ہے۔ زیتون کے تیل کے ساتھ اس کا استعمال بلڈ پریشر، موٹاپا، پیٹ کے بڑھنے اور تبخیر معدہ میں مفید ہے۔ اسپغول کے بیج میں لینولک ایسڈ وافر مقدار میں پایا جاتا ہے جو کولیسٹرول کو کم کرنے اور دل کی بیماریوں میں مفید ہے۔ پاکستان میں اسپغول کو چولستان کے علاقے عموماً حاصل پور، ہارون آباد اور چشتیاں میں کاشت کیا جاتا ہے۔

زمین اور آب و ہوا:

اسپغول کی کاشت کے لیے ہلکی اور بہترین نکاس والی زمین مناسب ہے۔ ریتلی اور میرا زمین جس کی pH 4.7 سے 7.7 کے درمیان ہو اسپغول کی کاشت کے لیے بہترین ہے۔ علاوہ ازیں کم نمی اور زیادہ نائٹروجن والی زمینوں میں زیادہ پیداوار دیکھی گئی ہے۔ اسپغول کو سرد اور خشک آب و ہوا میں کاشت کیا جاتا ہے۔ بیج بننے کے دوران اس کو گرم مرطوب آب و ہوا کی ضرورت ہوتی ہے۔ پودے کو عموماً اس دوران زیادہ درجہ حرارت (30°C سے 35°C) اور کم بارش (50cm سے 130cm) کی ضرورت ہوتی ہے۔ بیج بننے اور پکنے کے دوران ہلکی بارش اور نمی بڑھنے کی صورت میں فصل کی پیداوار کم ہو جانے کا اندیشہ ہوتا ہے۔

زمین کی تیاری:

زمین میں تین سے چار مرتبہ ہل چلائیں گوبر کی گلی سڑی کھاد بحساب پانچ سے چھ ٹن فی ایکٹر یا دس سے پندرہ ٹن فی ہیکٹر آخری ہل چلانے سے پہلے اچھی طرح ملا دیں۔ سہاگہ دے کر زمین نرم اور باریک کر لیں۔ بیج کے بہتر اوگاؤ کے لئے زمین کا ہموار، نرم اور باریک ہونا ضروری ہے۔ علاوہ ازیں بہترین دیکھ بھال اور پیداوار کے لیئے کل رقبے کو چھوٹے پلاٹ میں تقسیم کر دیں ہلکی اور ہموار زمین کے لئے 3×8 میٹر کے پلاٹ مناسب ہیں۔

وقت کاشت اور شرح بیج:

اسپغول کو اکتوبر کے آخری ہفتے سے آخر نومبر تک کاشت کیا جاتا ہے۔ جلدی کاشت کی جانے والی فصل میں بیماریوں سے قوت مدافعت کم ہوتی ہے جبکہ تاخیر سے کاشت کی جانے والی فصل میں بیج پکنے کے دوران ممکنہ بارشوں کی وجہ سے فصل کی پیداوار متاثر ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ اسپغول کی کاشت کے لیئے دو سے چار کلوگرام بیج فی ایکڑ اور چھ سے آٹھ کلوگرام بیج فی ہیکٹر کافی ہوتا ہے

طریقہ کاشت:

اسپغول کو بذریعہ چھٹہ یا قطار دونوں صورتوں میں کاشت جا سکتا ہے۔ چھٹے کے طریقہ میں وتر زمین میں بیج کا چھٹا دے کر بل چلا کر ہلکا سہاگہ پھیریں جبکہ قطاروں کی صورت کاشت میں ڈیڑھ فٹ کے فاصلہ پر اونچی قطاریں بنا کر اس میں لائن کی صورت میں بیج کا کیرا کر دیں۔ اسپغول کا بیج چونکہ جھوٹا اور باریک ہوتا ہے. اس لئے اسے مٹی یا باریک گوبر کی گلی سڑی کھاد میں ملا کر کیرا کرنا مفید ہے۔ بیج کو ہلکی مٹی کی تہہ سے ڈھانپ دیں اور فوراً پانی لگائیں۔ بیج کا اگاؤ عموماً تین سے چار دن میں شروع اور آٹھ سے دس دن میں مکمل ہو جاتا ہے۔ کم اگاؤ کی صورت میں فصل کو ہلکا پانی دوبارہ لگائیں۔ اگاؤ کے بعد جب پودے دو سے تین انچ کے ہو جائیں تو پودے سے پورے کا فاصلہ تین سے پانچ انچ رکھتے ہوئے چھدرائی کر لیں تاکہ پودے کی نشوونما اور پیداوار متاثر نہ ہو۔

کھادوں کا استعمال:

اسپغول کو عموماً کم کھادوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ پودوں کو نائٹروجن، فاسفورس اور پوٹاش سفارش کردہ مقدار بالترتیب 20 سے 15,30 سے 25، اور 20 سے 30 کلوگرام فی ہیکٹر کے حساب سے دیں۔ نائٹروجن کی آدھی مقدار بوائی سے پہلے جبکہ آدھی مقدار بوائی کے ایک مہینے بعد دیں۔

آبپاشی:

مناسب وتر اور اچھے نکاس والی زمینوں کو کم پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔ میرا اور ہلکی ریتلی زمینوں میں تین مرتبہ آبپاشی بالترتیب بوائی کے وقت، ایک مہینے اور اڑھائی مہینے کے وقفے سے دیں۔ آخری آبپاشی بیج کی دودھیا حالت میں دیں۔ بہت زیادہ خشک علاقوں میں پانچ سے سات مرتبہ آبپاشی بھی کی جا سکتی۔

کیڑے اور بیماریوں کا کنٹرول:

یوں تو اسپغول کی فصل پر کیڑوں کا کم حملہ ہوتا ہے۔ تاہم وسیط نومبر سے آخر نومبر تک کاشت کی گئی فصل میں فروری کے دوران تیلے کا حملہ ہو سکتا ہے۔ تیلے کے زیادہ حملے کی صورت میں امیڈا کلو پرڈ یا کاربوسلفان کا سپرے کریں۔ بیماریوں میں جلد کاشت کی گئی فصل میں روئیں دار پھپھوندی کا زیادہ حملہ ہوتا ہے جسے کلوروتھیلونل، میفینوزم، مسکوزیب، میٹالیکس یا فلوایزینم کا سپرے کر کے کنٹرول کیا جا سکتا۔

برداشت اور پیداوار:

اسپغول کی فصل مارچ میں برداشت کے لئے تیار ہو جاتی ہے۔ برداشت کے لئے صبح سویرے کا وقت بہترین ہے۔ سٹوں کو کاٹ کر کچھ دن کے لیے پھیلا کر سکھا لیں۔ کم رقبے پر کاشت کی صورت میں خشک ہو جانے کے بعد سٹوں کو جھاڑ لیں۔ جبکہ بڑے پیمانے پر کاشت کی گئی فصل کی صورت میں بیج کو تھریشر سے الگ کر لیں۔ بیج کی پیداوار 250 سے 350 کلوگرام فی ایکڑ یا 800 سے 1000 کلوگرام فی ہیکٹر ہوتی ہے۔

Vol. 13 No. 2
July-December 2024
Horti mag

بارانی علاقوں کے لیے پہلی مٹر کی قسم (بارانی مٹر 2023)، بارانی مٹر کی پیداواری ٹیکنالوجی

ثاقب نوید، عائشہ منظور

بارانی زرعی تحقیقاتی ادارہ، چکوال

اہمیت

مٹر کے پودے کا تعلق فیبسئی (Fabaceae) خاندان سے ہے۔اس پودے کا نباتاتی نام پائیزم سیٹی وم (Pisum sativom) ہے، انگریزی میں اسے Peas جبکہ اردو میں مٹر کے نام سے پکارا جاتا ہے۔مٹر موسم سرما کی بہت ہی من پسند سبزی ہے اس میں نامیاتی مادے کافی مقدار میں پائے جاتے ہیں۔اس کے علاوہ معدنی نمکیات مثلاً فاسفورس، پوٹاشیم، لوہا اور حیاتین (وٹامنز) اے، بی اور سی بھی کافی مقدار میں پائے جاتے ہیں جو انسانی صحت کے لیے بہت ضروری ہیں۔معاشی لحاظ سے بھی مٹر بہت اچھی سبزی ہے جو زمیندار کو کافی آمدن دیتی ہے، پھلی دار فصل ہونے کی وجہ سے زمین کی زرخیزی میں اضافہ کرتی ہے۔اس کا بیج تیار کر کے زمیندار وافر آمدنی لے سکتا ہے۔

آب وہوا

سرد آب وہوا (کورے کے بغیر) مٹر کے لیے موزوں ہے۔زیادہ گرم موسم میں اسے اکھیڑا لگ جاتا ہے اور اگنے کے بعد پودا جلدی مرجاتا ہے۔بیج کے اگاؤ کے لیے 20-25 ڈگری سینٹی گریڈ درجہ حرارت موزوں ہے۔

زمین اور اُس کی تیاری:

زرخیز میرا زمین جس میں پانی کا نکاس اچھا ہو مٹر کی زیادہ پیداوار کیلئے مفید رہتی ہے۔باراتی علاقوں میں جس کھیت میں مٹر کی فصل کاشت کرنی ہو اُس کھیت میں مون سون کی بارشوں سے قبل 10-15 ٹن گوبر کی گلی سڑی کھاد ڈال کر زمین میں اچھی طرح ہل اور سہاگہ کی مدد سے ملا دیں۔بارش کی وجہ سے گوبر کی کھاد گل سڑ جائے گی اور نامیاتی مادے میں موجود جڑی بوٹیوں کے بیج بھی آگ جائیں گے۔بارشوں کے بعد جب زمین میں وتر آئے تو جڑی بوٹیوں پر Rotavater چلا دیا جائے اور ایک دو دفعہ ہل چلا کر سہاگہ دے دیں تا کہ بجائی کے لیے محفوظ رہے۔بجائی سے دو تین دن پہلے ایک بوری ڈی اے پی (DAP) اور ایک بوری پوٹاش یا آدھی بوری یوریا (Urea) فی ایکڑ کے حساب سے کھیت میں ڈال کر ہل چلا کر سہاگہ دے سکیں۔اس سے وتر زمین کے اوپر آجائے گا اور بیج کے اگنے میں آسانی رہے گی۔

وقت کاشت:

پندرہ نومبر کے بعد سے لے کر پندرہ دسمبر تک کا دورانیہ بارانی مٹر کی کاشت کے لیے موزوں ہے۔

قسم:

بارانی زرعی تحقیقاتی ادارہ، چکوال کی تیار کردہ قسم "بارانی مٹر" کاشت کریں۔

شرح بیج:

12-14 کلوگرام فی ایکڑ استعمال کریں۔کوشش کریں کہ بجائی سے پہلے بیج پر پھپھوندی کش زہر کا استعمال ضرور کریں۔اس کے لئے تھائیوفنیٹ میتھائل (Thiophnate Methyl) ایک کلو گرام فی ایکڑ کے حساب سے بیج پر لگائیں۔

طریقہ کاشت:

بارانی علاقوں میں چونکہ فصلوں کا انحصار بارشوں پر ہوتا ہے۔اس لیے مٹر کی بجائی تر وتر میں بذریعہ ڈرل لائنوں میں کریں۔لائنوں کا درمیانی فاصلہ 1.5 فٹ رکھیں۔پودے اُگ کر جب چار پانچ پتے نکال لیں تو اس وقت چھدرائی کر کے پودوں کا درمیانی فاصلہ تین سے چار انچ کر دیں۔

پرندوں سے حفاظت:

مٹر کسی ایسے کھیت میں کاشت کریں جس کے نزدیک درخت وغیرہ نہ ہوں کیونکہ پرندے مٹروں کو کافی نقصان پہنچاتے ہیں اور پیداوار میں کمی کا باعث بنتے ہیں۔

حملہ آور کیڑے اور ان کا انسداد:

مٹر کی پھلی کی سنڈی (Pea Pod borer)

سنڈی پھلی اور اس کے اندر بیج کو کھاتی ہے جس سے پیداوار اور معیار دونوں متاثر ہوتے ہیں۔اس کے انسداد کے لیے کھیت کو جڑی بوٹیوں سے پاک رکھیں اور بائی فینتھرین بحساب 200 لیٹر فی ایکڑ سپرے کریں۔

لیف مائنر (Leaf Miner)

یہ کیڑا پتوں کا سبز چارہ کھرچ کر کھا جاتا ہے اور پتوں پر بے ڈھنگی سفید لکیریں نظر آتی ہیں۔ان دونوں کیڑوں کے انسداد کے لیے بائی فینتھرین بحساب 200 لیٹر فی ایکڑ سپرے کریں۔

بیماریاں اور ان کا تدارک:

بارانی مٹر عموی طور پر سفوفی پھپھوندی کے خلاف قوت مدافعت رکھتی ہے لیکن اگر فروری اور مارچ کی بارشوں میں جب ہوا میں نمی کا تناسب زیادہ ہو جاتا ہے کئی بیماریاں جیسے کہ تنے اور جڑ کا گلاؤ (Collcer Root Rot) کا حملہ ہو سکتا ہے۔اس صورت میں کھیت میں پانی کے نکاس کو ممکن بنائیں اور کاربینڈازم (Carbendazim) دو کلوگرام فی ایکڑ یا فوسیٹیل ایلومنیم (Fosetyl Aluminium) ایک کلوگرام فی ایکڑ کے حساب سے سپرے کریں۔

برداشت:

بارانی مٹر کی قسم 75 سے 95 دن بعد پھل دینا شروع کر دیتی ہے۔بارانی مٹر کی اوسط پیداوار 50-60 من فی ایکڑ ہے۔

Hortimag
Vol. 13 No. 2
July-December 2024

9th International Horticulture Conference and Expo (IHCE), 2025

Pakistan Society for Horticultural Science (PSHS), in collaboration with "Department of Horticulture, PMAS-Arid Agriculture University, Rawalpindi", is organizing "9th International Horticulture Conference and Expo" during April 15-16, 2025. The conference will bring together researchers, practitioners, and professionals from around the world to exchange knowledge and discuss the latest developments in the field of Horticulture. We welcome contributions that showcase innovative research, emerging trends, and solutions to current challenges in the field. We shall have keynote, technical sessions (talks and posters), expo and PSHS Annual General Meeting. Good quality papers will be selected for publication in 'Journal of Horticultural Science and Technology' following journal peer review guidelines. Please visit event web page for further updates.

https://www.pshsciences.org/event/ihce2025/

Abstracts can be submitted online till 31st January 2025 by following weblink

https://sr.uaar.edu.pk/conference/conference_horticulture.php

PSHS members will get further discount in registration fee. So, you are encouraged to purchase PSHS membership to get discount in conference registration fee and to reap society benefits as well. Online application for PSHS membership is available at following link.

https://www.pshsciences.org/membership/register/

Looking forward to see you all at this mega annual event of the society.

Queries/Comments/Advertisements

Dr. Iftikhar Ahmad
Managing Editor, Hortimag
University of Agriculture, Faisalabad

Tel: 041-9201086
Cell: 0334-7416664
Email: hortimag@pshsciences.org